نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِصدارت زراعت ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پلان کی ٹائم لائن بارے جائزہ لیا گیا

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا 400ارب روپے سے زائد کا زرعی پیکج کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: 26اپریل 2024 ( ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا 400ارب روپے سے زائد کا "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر" پلان زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کیلئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے زراعت ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پلان کی ٹائم لائن کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ کاشتکاروں کو 300ارب روپے کے بلاسود قرضوں کی فراہمی کیلئے تمام انتظامات تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔بلاسود قرضوں کی سکیم محکمہ زراعت پنجاب اور بینک آف پنجاب کے باہمی اشتراک سے جاری ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس فلیگ شپ پروگرام کے تحت 5لاکھ کاشتکاروں کو بلا سود قرضوں کی سہولت فراہم کی جائے گی۔اس سکیم کی شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے پنجاب کسان کارڈ کا اجراء جلد کیا جا رہا ہے۔وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ صوبہ بھر میں 7ہزار ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم پر منتقل کیا جائے گا۔اس کے علاوہ کاشتکاروں کو 5ہزار سپر سیڈر اور 2ہزار رائس شریڈر 60فیصد سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔صوبہ پنجاب میں 80ارب روپے کی لاگت سے 7300 کھالہ جات کی اصلاح و پختگی کی جائے گی۔شعبہ زراعت توسیع کی تنظیم نو پر 2ارب روپے خرچ کئے جائیں گے۔کاشتکاروں کو بہتر توسیعی سروسز کی فراہمی کیلئے 500زرعی گریجوایٹس کنٹریکٹ پر بھرتی کئے جائیں گے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کے تحت ادارہ جاتی اصلاحات متعارف کرائی جا رہی ہیں۔کپاس، گندم اور چاول کی کوالٹی اور پیداوار میں اضافہ کیلئے جدید ترین ریسرچ سینٹرز قائم کئے جا رہے ہیں۔معیاری کھادوں اور زرعی ادویات کی مقرر کردہ قیمتوں پر فراہمی کیلئے قانون سازی کی جا رہی ہے۔اجلاس میں سیکرٹری لائیو اسٹاک مسعود انور، اسپیشل سیکرٹری زراعت محمد شہنشاہ فیصل اعظم، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ ڈاکٹر عامر رسول اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں کی شرکت کی۔

☆☆☆☆